# ایڈجسٹمنٹ کی سطحیں

Disability Inclusion
Education for All

فیسیلیٹیٹر SSG ممبرز کو میٹنگ میں پروفائل مکمل کرنے کی خاطر مل کر کام کرنے میں مدد کرے گا جس میں اس پر متفق ہونا بھی شامل ہے کہ طالبعلم کی تعلیم میں شرکت اور سیکھنے کے لیے کس قدر ایڈجسٹمنٹ ضروری ہے۔

| مطلوبہ ایڈجسٹمنٹ کی وضاحت | اس کا کیا مطلب ہے؟ |
|---|---|
| طلباء کو **مدد کے موجودہ ماحول** کے اندر وہی تعلیمی پروگرام ملتا ہے جو پورے سکول کی سطح پر ان کے ہم عمروں کو پیش کیا جاتا ہے۔ | اس کا مطلب ہے **کسی ایڈجسٹمنٹ کی ضرورت نہیں** ۔ |
| **مختلف طریقوں سے موزوں تدریس** سے مراد پوری کلاس کے لیے ایڈجسٹمنٹس ہیں جن سے طلباء کے ایک ملے جلے گروپ کو اپنے ہم عمروں کی طرح سیکھنے میں مدد ملتی ہے۔ | اس کا مطلب ہے کہ **کلاس روم کے عام معمول کے ذریعے ایڈجسٹمنٹس فراہم کی جاتی ہیں۔** |
| **سپلیمنٹری ایڈجسٹمنٹس** ہفتے کے دوران مخصوص اوقات میں کچھ سرگرمیوں کے لیے ہوتی ہیں۔ سکول طالب علم کے لیے کچھ انفرادی تدابیر فراہم کرتا ہے۔ | اس کا مطلب ہے کہ **کچھ وقت ایڈجسٹمنٹس فراہم کی جاتی ہیں۔** |
| **بڑی ایڈجسٹمنٹس** سے مراد عام تعلیمی پروگرام میں مدد یا ایڈجسٹمنٹس ہیں جو طالبعلم کے لیے زیادہ تر دنوں پر زیادہ تر اوقات میں مہیا ہوں۔ | اس کا مطلب ہے کہ **زیادہ تر وقت ایڈجسٹمنٹس فراہم کی جاتی ہیں۔** |
| **مکمل ایڈجسٹمنٹس** سے مراد طالبعلم کے لیے تمام وقت انفرادی اور مخصوص ایڈجسٹمنٹس اور/ یا بھرپور مدد مہیا ہونا ہے۔ | اس کا مطلب ہے کہ **تمام وقت ایڈجسٹمنٹس فراہم کی جاتی ہیں۔** |